## سوال

اسلا علیکم ورحمت اللہ میرا سوال یہ ہے کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے پیغمبر آئے کیا ان ہونے اللہ تعلا سے دعا مانگی ہے کے حضورؐ کی امتی ہونے کی دعا مانگی ہے قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائے

## جواب

کیا انبیاء کرام نے نبی کریم کا امتی ہونے کی دعا کی؟ السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا نبی کریم سے پہلے آنے والے تمام انبیاء کرام نے آپ کے امتی ہونے کی دعا کی تھی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! تمام انبیاء کرام کی دعا کے حوالے سے کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے۔ صرف سیدنا موسی علیہ السلام کے حوالے سے ملتا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالی سے امت محمدیہ کا فرد ہونے کی دعا کی تھی۔ اور سیدنا موسی علیہ السلام کی اس دعا کو امام طبری نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے۔ (تفسیر طبری : سورة الاعراف :150) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث